ICI PAKISTAN

# ہمقدم

آئی سی آئی پبلی کیشن کا سہ ماہی جریدہ

جلد نمبر ۴ شمارہ نمبر ۴ اکتوبر تا دسمبر ۲۰۱۴

A Part of YBG

## اسٹاپ پریس

آئی سی آئی پاکستان نے ششماہی نتائج کا اعلان کر دیا۔
گزشتہ سال کے مقابلے میں بعد از ٹیکس منافع 34%
اضافے کے ساتھ 1,025 ملین روپے رہا۔
50% فیصد عبوری منافع

تفصیل صفحہ 2

"یہ ہمارے لیے بڑے فخر کی بات ہے کہ لوگ آئی سی آئی میں کام کرنا اپنے لیے اعزاز سمجھتے ہیں۔ ہمارے لیے ہماری کمپنی میں کام کرنے والا ہر فرد نہایت اہم ہے۔ ہم ان کی قدر کرتے ہیں کیونکہ وہ اپنی بہترین صلاحیتیں کمپنی کی ترقی اور پائیدار کے لیے صرف کرتے ہیں۔ یہ لوگ جو آج ایوارڈز حاصل کر رہے ہیں ہم سب کے لیے اور نئے آنے والوں کے لیے مشعل راہ ہیں"

آصف جمعہ

تفصیل صفحہ 3






کارپوریٹ

# آئی سی آئی پاکستان نے ششماہی نتائج کا اعلان کر دیا۔
# 50% فیصد عبوری منافع

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنی کی مالیاتی کارکردگی کے حوالے سے 31 دسمبر 2014 کو ختم ہونے والے سال 2014-2015 کے ششماہی نتائج کا اعلان کر دیا۔ جس کے مطابق کمپنی کی اس مدت کے دوران کارکردگی شاندار رہی۔ اسی مدت کے دوران گزشتہ سال کے مقابلے میں بعد از ٹیکس منافع 34% اضافے کے ساتھ 1,025 ملین روپے رہا۔

گزشتہ سال کی اسی مدت کے دوران 3% اضافے کے ساتھ خالص سیلز انکم 19,246 ملین روپے رہی جس کی بنیادی وجہ سوڈا ایش اور لائف سائنسز بزنس کی بہتر کارکردگی ہے۔ کمپنی کے آپریٹنگ نتائج بھی گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 50% اضافے کے ساتھ 1,653 ملین روپے رہے جس کی وجہ توانائی کا بہترین استعمال اور پیٹروکیمیکل چین میں قیمتوں کی تبدیلی ہے جس کا فائدہ پولیسٹر کے خام مال کی قیمتوں میں کمی سے بھی ہوا۔

کمپنی نے اپنے مرکزی نکتے نشوونما و ترقی (Cultivating Growth) کا اعادہ کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا ہے کہ ہم اپنے موجودہ بزنسز میں سرمایا کاری کرتے رہیں گے تا کہ یہ مستحکم سے مستحکم ہوں اور ہم اپنے کسٹمرز کو بہتر سے بہتر پروڈکٹس پیش کر سکیں اور اس کے ساتھ ساتھ ہم مختلف النوع کاروبار میں بھی سرمایہ کاری کرتے رہیں گے۔ اعلامیے کے مطابق بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنی کی کھیوڑہ سائٹ پر واقع لائٹ سوڈا ایش پلانٹ میں150,000 ٹن سالانہ توسیعی منصوبے کی اصولی طور سے منظوری دی دی ہے۔ یہ منصوبہ مختلف مرحلوں میں پایۂ تکمیل کو پہنچے گا اور توقع ہے کہ اس منصوبے کا پہلا مرحلہ سال 2018 کی پہلی سہ ماہی تک مکمل ہو جائے گا۔ اس توسیعی منصوبے کی تکمیل کے بعد سوڈا ایش پلانٹ کی مجموعی پیداوار 350,000 ٹن سالانہ سے500,000ٹن سالانہ ہو جائے گی۔ 31 دسمبر2014 کو ختم ہونے والی ششماہی میں کمپنی نے نٹریکو پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ (مورینا گا شیر خوار بچوں کا دودھ) کے پہلے اور دوسرے مرحلے کے حصص کی خریداری کی ادائیگی مکمل کر لی ہے، واضح رہے کہ آئی سی آئی پاکستان، نٹریکو پاکستان پرائیویٹ لمیٹڈ میں اب تک مجموعی طور پر 30% حصص کی سرمایہ کاری کر چکا ہے۔ یہ سرمایہ کاری اس ابتدائی مرحلے کا حصہ ہے جس کے مطابق ہم مورینا گا ملک انڈسٹری جاپان کے باہمی تعاون سے شیر خوار بچوں کے لیے مقامی طور پر دودھ بنائیں گے۔

مستقبل میں ڈینس سوڈا ایش اور ریفائنڈ سوڈیم بائی کاربونیٹ کے علاوہ کیمیکلز اور لائف سائنسز بزنس میں نئی پروڈکٹس کا اضافہ اور اس کے ساتھ ساتھ جدید ٹیکنالوجی کی حامل نیوٹریسیکل مینوفیکچرنگ کی سہولت، یہ سب ہمارے اس عزم کے مطابق ہیں کہ ہم ترقی کرنا اور کاروبار کو مزید مستحکم کرنا چاہتے ہیں۔

ششماہی نتائج کے مطابق فی حصص آمدنی 11.10 روپے رہی جو کہ گزشتہ سال کی اسی مدت کے دوران تقریباً 34% زیادہ ہے۔ اس موقع پر بورڈ آف ڈائریکٹرز نے حصص یافتگان کے لیے 50% فیصد عبوری منافع دینے کا بھی اعلان کیا۔

# اداریہ

ہمقدم کا نیا شمارہ آپ کے ہاتھ میں ہے۔ سال 2014 کی آخری سہ ماہی میں ہمارے سوڈا ایش پلانٹ پر غیر معمولی سرگرمیاں ہوئیں جن کی تفصیل آپ کو اس شمارے میں پڑھنے کو ملے گی۔

آپ کو معلوم ہو چکا ہو گا کہ مالیاتی کارکردگی کے حوالے سے کمپنی کے ششماہی نتائج کا اعلان ہو چکا ہے۔ جس کے مطابق ہم سب نے مل کر بہت محنت کی جس کے نتیجے میں 2014-2015 کی پہلی ششماہی میں 34% فی اضافے کے ساتھ بعد از ٹیکس منافع 1,025 ملین روپے رہا۔ ڈائریکٹرز نے اپنے حصص یافتگان کو 50% عبوری منافع دینے کا بھی اعلان کیا۔

اس شاندار کارکردگی کی تعریف کے مستحق آپ سب ہیں۔ آپ سب نے ہماری نئی انتظامیہ کو اس کارکردگی کی بدولت یہ پیغام دیا ہے کہ ہم رکنے والے نہیں ہم دل لگا کر محنت کریں گے اور آگے ہی آگے بڑھتے رہیں گے۔

ہم اپنے کام میں جدت پیدا کریں گے، کسٹمرز کو اس کی کامیابی میں مدد کریں گے، مل جل کر ذمہ داری سے کام کریں گے تا کہ بہتر سے بہتر نتائج حاصل کر سکیں۔ جب کسی ادارے میں کام کرنے والے افراد ان تمام باتوں کا عزم کر لیں تو اس ادارے کی ترقی اور کامیابی کو کوئی نہیں روک سکتا۔

اس شمارے کے بارے میں آپ کے تاثرات کا انتظار رہے گا۔

آپ کا اپنا

عبدالغنی۔ ایڈیٹر ہمقدم

کارپوریٹ

# طویل مدتی ملازمت ایوارڈز کی تقریب

## آئی سی آئی پاکستان میں کام کرنے والا ہر فرد اپنے کام پر اور ادارے سے منسلک ہونے پر فخر محسوس کرتا ہے

چیف ایگزیکٹو آصف جمعہ




"اس ادارے میں کام کرنے والے ہر فرد کے بارے میں یہ تاثر عام ہے کہ یہ پاکستان کی ان چند نایاب کمپنیوں میں سے ایک میں کام کرتا ہے جس کی اقدار اور کام کرنے کے طریقے بڑے شفاف، مستند اور پائیدار ہیں۔"

کسی بھی ادارے کو چلانے کے لیے افراد کی ضرورت ہوتی ہے۔ آئی سی آئی پاکستان میں کام کرنے والا ہر فرد اپنے کام پر اور ادارے سے منسلک ہونے پر فخر محسوس کرتا ہے۔ کیونکہ اس ادارے میں کام کرنے والے ہر فرد کے بارے میں یہ تاثر عام ہے کہ یہ پاکستان کی ان چند نایاب کمپنیوں میں سے ایک میں کام کرتا ہے جس کی اقدار اور کام کرنے کے طریقے بڑے شفاف، مستند اور پائیدار ہیں۔

کمپنی بھی اپنے یہاں کام کرنے والے افراد کا بہت خیال رکھتی ہے اور ان کی قدر کرتی ہے۔ اس سلسلے میں وقتاً فوقتاً مختلف تقریبات منعقد کی جاتی رہتی ہیں جن میں اسٹاف کی کارکردگی کو سراہا جاتا ہے۔

اس سلسلے کی ایک تقریب گزشتہ دنوں آئی سی آئی پاکستان کے ہیڈ آفس میں منعقد کی گئی۔ یہ ایک روایتی تقریب ہے جو کہ طویل مدتی ملازمت ایوارڈز (Long service Awards) کہلاتی ہے۔ ویسے تو یہ تقریب ہر سال ہی کمپنی کی جانب سے منعقد کی جاتی ہے۔ لیکن اس مرتبہ تقریباً 4 سال کے وقفے کے بعد منعقد ہوئی۔ گزشتہ چند سالوں میں کمپنی کی ملکیت کی تبدیلی اور نئی انتظامیہ کے نئے سیٹ اپ میں بھرپور توجہ کی وجہ سے اس پروگرام کے لیے وقت نہیں مل سکا۔

اس تقریب میں نہ صرف وہ افراد جو 25,20,15,10 اور 30 سالہ ملازمت مکمل کر چکے ہیں ان کو ایوارڈز دیئے گئے اس کے علاوہ اس دوران ہمارے جو ساتھی ریٹائر ہو چکے تھے ان کو بھی ریٹائرمنٹ سرٹیفکیٹ دیئے گئے۔

تقریب کی صدارت جناب آصف جمعہ، چیف ایگزیکٹو آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے کی جبکہ مہمانِ خصوصی جناب سہیل اے ٹبہ، چیئرمین اور جناب محمد علی ٹبہ، وائس چیئرمین آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ تھے۔

اس موقع پر آصف جمعہ، چیف ایگزیکٹو آئی سی آئی پاکستان نے طویل مدتی ملازمت کے ایوارڈ کی روایت پر روشنی ڈالی اور تمام ایوارڈز یافتگاں کو آئی سی آئی پاکستان کے بورڈ کی جانب سے مبارک باد پیش کی۔

"ہمارا سفر ابھی ختم نہیں ہوا بلکہ جاری ہے۔ ہم اسی طرح محنت کرتے رہیں گے اور اس کمپنی کو مزید بلندیوں کی جانب لے جائیں گے۔ یہ ایک ایسا کارواں ہے جس میں لوگ آتے رہیں گے اور اپنا حصہ ڈال کر جاتے بھی رہیں گے کیونکہ یہی زمانے کی رِیت ہے۔"
آصف جمعہ

انہوں نے کہا کہ یہ ہمارے لیے بڑے فخر کی بات ہے کہ لوگ آئی سی آئی میں کام کرنا اپنے لیے اعزاز سمجھتے ہیں۔ ہمارے لیے ہمارے کمپنی میں کام کرنے والا ہر فرد نہایت اہم ہے۔ ہم ان کی قدر کرتے ہیں کیونکہ وہ اپنی بہترین صلاحیتیں کمپنی کی ترقی اور پائیداری کے لیے صرف کرتے ہیں۔ یہ لوگ جو آج ایوارڈز حاصل کر رہے ہیں۔ ہم سب کے لیے اور نئے آنے والوں کے لیے مشعل راہ ہیں۔ انہوں نے اپنی بہترین صلاحیتوں کے ذریعے آج کمپنی کو ایک اعلیٰ مقام پر پہنچایا ہے اور ہمارا سفر ابھی ختم نہیں ہوا بلکہ جاری ہے۔ ہم اسی طرح محنت کرتے رہیں گے اور اس کمپنی کو مزید بلندیوں کی جانب لے جائیں گے۔ یہ ایک ایسا کارواں ہے جس میں لوگ آتے رہیں گے اور اپنا حصہ ڈال کر جاتے بھی رہیں گے کیونکہ یہی زمانے کی رِیت ہے۔

چیف ایگزیکٹو کے خطاب کے بعد ایوارڈز کی تقسیم کا مرحلہ شروع ہوا اور سب سے پہلے 10 اور 15 سالہ طویل مدتی ملازمت ایوارڈز جناب محمد علی ٹبہ، وائس چیئرمین آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے پیش کیے جبکہ 25,20 اور 30 سالہ ایوارڈز اور ریٹائرمنٹ سرٹیفکیٹ جناب سہیل اے ٹبہ، چیئرمین آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ اور آصف جمعہ، چیف ایگزیکٹو آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے مشترکہ طور پر پیش کیے۔

تقریب کے آخر میں شرکاء کی تواضع کا اہتمام کیا گیا تھا۔




















طویل مدتی ملازمت ایوارڈز تقریب کی آرگنائزنگ ٹیم کا جنرل منیجر ایچ آر فاطمہ زبیری کے ساتھ گروپ فوٹو۔

30 Years



25 Years



20 Years





15 Years



15 Years







10 Years



Retirees





سسٹینیبلٹی

## آئی سی آئی کمیونٹی فلاحی پروگرام ''ہمقدم''

# ... علاقائی خدمت میں پیش پیش





تحصیل پنڈ دادن خان کا گاؤں حطار دریائے جہلم کے کنارے پر آباد ہے۔ دریائے جہلم سے ایک ندی نالہ حطار، پتھر ندی، پتھر کلاں، کوٹ کچہ، چنن پور اور ان دیہاتوں سے ملحقہ ڈیرہ جات کی زمینوں کو سیراب کرنے کے لیے نکالا گیا تھا۔ جو کہ حالیہ سیلاب کی وجہ سے دریائے جہلم کی ریت نے بند کر دیا۔

ان تمام دیہاتوں کی سونا اگلتی زمینیں پانی کی دستیابی نہ ہونے کی بنا پر بنجر ہونا شروع ہو گئیں۔ اہل دیہہ نے زمینوں کی سیرابی کے لیے اور دریائے جہلم سے ملحقہ دیہاتوں میں پانی کی فراہمی کے لیے آئی سی آئی سوڈا ایش بزنس کی انتظامیہ سے رابطہ کیا۔ کمپنی انتظامیہ نے فوری طور پر دریائی نالے کا راستہ بنانے اور وہاں سے ریت ہٹانے کے انتظامات کیے۔ اب دریائے جہلم کا میٹھا پانی اس دریائی نالے کے ذریعے ان تمام دیہاتوں کی زمینوں کو سیراب کر رہا ہے۔ اب چونکہ گندم کی فصل ہونے کا موسم ہے۔ اس لیے بھی علاقہ بھر کے کاشتکار اور عوام آئی سی آئی سوڈا ایش بزنس کے اس کار خیر پر بہت شکر گزار ہیں۔

یاد رہے کہ عوامی فلاح و بہبود کے یہ کام آئی سی آئی سوڈا ایش بزنس کمپنی کے فلاحی پروگرام ہمقدم کے تحت تواتر سے سرانجام دے رہا ہے۔

میرا صفحہ

# تعارف

## جہانگیر احمد (20382)



میرا نام جہانگیر احمد ہے۔ میں آئی سی آئی سوڈا ایش میں بطور جونیئر لیبارٹری ٹیکنیشن اپنے فرائض سرانجام دے رہا ہوں۔ ہم دو بھائی اور ایک بہن ہیں۔ میرے ابو بطور ریگر آئی سی آئی میں کنٹریکٹ پر کام کرتے رہے ہیں۔ میں نے اپنی ملازمت کا آغاز 2007 میں بطور ٹریڈ اپرنٹس کیمیکل سے کیا۔ یہ میرا کسی بھی انڈسٹری میں پہلا تجربہ تھا۔ اس وقت میری تعلیم FA تھی۔ لیکن مجھے پڑھائی کا بہت زیادہ شوق تھا۔ لہٰذا میں نے اپرنٹس شپ کے دوران بھی اپنی پڑھائی جاری رکھی اور پنجاب یونیورسٹی سے گریجویشن کی ڈگری حاصل کی۔

دوران اپرنٹس شپ میں نے خوب دل لگا کر اور تن دہی سے کام کیا۔ اس سلسلے میں میرے سینئرز کی رہنمائی میرے لیے حوصلہ کا باعث بنی۔ اپنی دیانت داری خلوص نیت ، پیشہ وارانہ صلاحیتوں اور والدین کی دعاؤں کے باعث میں 27 اکتوبر 2010 کو آئی سی آئی سوڈا ایش میں بطور مستقل ورکر بھرتی ہوا۔ یہاں میں اس بات کا ذکر ضروری سمجھتا ہوں کہ اگر یہاں رشوت یا سفارش کا کوئی تصور ہوتا تو آئی سی آئی میں مستقل ملازمت کا میرا خواب کبھی بھی شرمندہ تعبیر نہ ہوتا۔ اپنے تجربے اور مشاہدہ کے مطابق میں یہ بات وثوق سے کہ سکتا ہوں کہ آئی سی آئی انتہائی اعلیٰ اقدار کی حامل کمپنی ہے جہاں محنت کرنے والوں کی قدر کی جاتی ہے۔ آئی سی آئی اپنے ملازمین کے روشن مستقبل اور پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو بڑھانے میں ہمیشہ مصروف عمل رہتی ہے۔ یہی نہیں آئی سی آئی اپنی کمیونٹی کو درپیش مسائل کے حل کے لیے بھی پیش پیش رہتی ہے۔ کھیوڑہ جیسے بے آب وگیاہ علاقے میں پینے کے پانی کی فراہمی عورتوں کی معاشی خود مختاری کے لیے سلائی اسکول ، منظم فائر بریگیڈ اور آنکھوں کے مفت علاج کے لیے آئی کیمپ اس کی روشن مثالیں ہیں۔

آئی سی آئی اپنے ورکرز کی سیفٹی کا بہت زیادہ خیال رکھتی ہے اور "Safety is our Licence to Operate" کا نعرہ اس کی عمدہ مثال ہے۔

آئی سی آئی میں بھرتی کے بعد میرے اندر سائنس اور ٹیکنالوجی کی تعلیم کی اہمیت کا شعور اجاگر ہوا۔ یہی وجہ ہے کہ میں نے 2013 میں ڈپلومہ آف ایسوسی ایٹ انجینئر (کیمیکل) میں داخلہ لیا اور فرسٹ ایئر کے امتحان میں 75% نمبر لے کر کامیابی حاصل کی۔ مستقبل میں میرا بی ٹیک (انجینئرنگ) کا ارادہ ہے۔ مجھے پورا یقین ہے کہ اپنے دوستوں اور سینئرز کی رہنمائی حاصل کرتے ہوئے میں ایسا کرنے میں کامیاب ہو جاؤں گا۔ میری دعا ہے کہ یہ ادارہ دن دگنی اور رات چگنی ترقی کرے تاکہ علاقے کے لوگوں کے لیے روزگار کے مزید مواقع پیدا ہوں اور ہمارا علاقہ خوشحال ہو۔

## محمد عمران



میرا تعلق پنڈدادنخان کے نواحی گاؤں منڈی محمد صدیق سے ہے ۔ میں نے اپنی ابتدائی تعلیم گورنمنٹ ہائی اسکول پنڈدادنخان سے حاصل کی اور FA کا امتحان البیرونی ڈگری کالج پنڈدادنخان سے پاس کیا۔

اپنے فنی کریئر کا آغاز آئی سی آئی سوڈا ایش میں بطور اپرینٹس جوائن کرتے ہوئے کیا ۔ آئی سی آئی میں 2 سالہ اپرنٹس شپ کورس مکمل کرنے کے بعد میں OCL وڑچھ کے پروڈکشن ڈیپارٹمنٹ میں ٹرینی پلانٹ آپریٹر بھرتی ہوا اور 3 سال کے انتہائی مختصر عرصہ میں ٹرینی پلانٹ آپریٹر سے Senior Plant Operator کے عہدہ تک پہنچ گیا۔

OCL وڑچھ میں 5 سال کام کیا اور وہاں سے بہت کچھ سیکھا۔ آئی سی آئی کو دوبارہ جوائن کرنا میرا ایک خواب تھا جو اکتوبر 2010 کو پورا ہوا۔ 27 اکتوبر 2010 کا دن میری زندگی میں انتہائی خوشی اور مسرت کا دن تھا۔ جس دن اللہ تبارک وتعالیٰ کے فضل وکرم اور اپنی والدہ کی دعاؤں کے طفیل میں آئی سی آئی سوڈا ایش میں پلانٹ آپریٹر بھرتی ہوا۔

آئی سی آئی ایک بہت اچھا ادارہ ہے جو اپنے ملازمین کا ہر طرح سے بہت خیال رکھتا ہے۔ اس ادارے میں سیفٹی کو بہت زیادہ ترجیح دی جاتی ہے اور اس بات کا خیال رکھا جاتا ہے کہ آئی سی آئی میں ہر دن کام پر آنے والا ہر ورکر اس طرح گھر واپس لوٹے جس طرح وہ گھر سے آیا تھا۔

یہ ادارہ نہ صرف ہزاروں خاندانوں کے لیے وسیلۂ روزگار ہے بلکہ اس علاقے کی پہچان بھی ہے۔ آخر میں دعا ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ اس ادارے کو ہمیشہ قائم ودائم رکھے اور یہ ادارہ دن دگنی رات چوگنی ترقی کرتا رہے۔ خدا ہم سب کا حامی وناصر ہو۔

### لطیفے

1- مریض جسے کے گلے کا آپریشن ہوا تھا۔ نرس سے بولا کیا آپ ایک گلاس پانی لاسکتی ہیں...؟

نرس: کیا تمہیں پیاس لگی ہے...؟

مریض: نہیں میں تو یہ دیکھنا چاہتا ہوں۔ کہ کہیں میرا گلا لیک تو نہیں کر رہا ہے۔

2- ثانیہ نے (دانتوں کے ڈاکٹر سے کہا) ڈاکٹر صاحب کئی دنوں سے آپ میرا دانت نکال رہے ہیں ہمیشہ غلط دانت نکال دیتے ہیں۔

ڈاکٹر: آج میں بالکل صحیح دانت ہی نکالوں گا کیونکہ آپ کے منہ میں صرف ایک ہی دانت بچا ہے۔

سیدہ حناطہ فاطمہ

## میرا صفحہ

# باسط یامین



میرا نام باسط یامین ولد محمد یامین بھٹی ہے۔ میں کھیوڑہ کا رہائشی ہوں۔ میں نے تعمیر ملت ہائی اسکول سے میٹرک کیا۔ اس کے بعد DAE الیکٹریکل میں جی سی ڈی کالج سرگودھا سے کیا۔

DAE کرنے کے بعد میری خواہش تھی کہ میں بھی کبھی آئی سی آئی سوڈا ایش پلانٹ دیکھوں اور کام کرنے کا موقع ملے۔ اللہ تعالیٰ نے میری دلی خواہش پوری کر دی۔ میں نے آئی سی آئی کو بطور اپرنٹس جوائن کیا ہے۔ علم انسان کی جس طرح زندگی میں معاشرتی اور سماجی معاملات میں رہنمائی کرتا ہے۔ اس طرح دنیا میں جدید علوم کی مدد سے انسان اپنے مسائل سے نمٹنے میں کوشاں ہے۔

میں نے کالج سے جو تعلیم حاصل کی۔ آج مجھے پریکٹیکل کرتے ہوئے آسانی سے اس کے بارے میں سمجھ آ رہی ہے۔ الیکٹریکل ڈیپارٹمنٹ کے سارے لوگ بہت اچھے ہیں۔ میں جن اساتذہ کے ساتھ کام کرتا ہوں ان کا کہنا ہے کہ سوڈا ایش سوڈا بنانے والی فیکٹری ہی نہیں بلکہ ملک کا بہترین تربیتی مرکز ہے۔ یہاں سیفٹی اور صحت کے بارے میں تمام لوگوں کا خیال رکھا جاتا ہے۔ میں پوری لگن اور محنت سے کام کرتا ہوں۔ جو لوگ محنت کرتے ہیں۔ ہمیشہ وہی لوگ آگے بڑھتے ہیں۔

میں دعا کرتا ہوں۔ اس ادارے کو اللہ تعالیٰ ہمیشہ قائم و دائم رکھے۔ آمین

# الیاس بخت ریحان



میرا نام الیاس بخت ریحان ہے اور میرا تعلق کھیوڑہ شہر سے ہے جو کہ دنیا کی دوسری بڑی نمک کی کان کی وجہ سے دنیا بھر میں مشہور ہے۔ میں نے میٹرک کا امتحان ہائی اسکول کھیوڑہ اور FSC البیرونی گورنمنٹ کالج پنڈ دادن خان سے پاس کیا۔

حصول تعلیم کے بعد مجھے سات دہائیوں سے قائم اس ادارے آئی سی آئی سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ میں بطور اپرنٹس (2 سالہ پروگرام) کام کرنے کا موقع میسر آیا ہے۔ یہاں پر مجھے کام کرنے کے لیے بہترین ماحول سیکھنے کے بے پناہ مواقع اور سکھانے کے لیے بہترین پروفیشنل موجود ہیں۔ جن کی رہنمائی مجھے ہر وقت میسر رہتی ہے۔

ہمارے ادارے میں سیفٹی کو اولین اہمیت حاصل ہے۔ کام کی ابتداء اور انجام دہی سیفٹی کے اصولوں کے مطابق ہی ممکن ہوتی ہے۔ سوڈا ایش بزنس لوکل کمیونٹی کے لیے وسیلہ روزگار ہے اور لوکل کمیونٹی کے لیے سماجی خدمات کے حوالے سے بھی ادارہ مؤثر کردار ادا کر رہا ہے۔

آئی سی آئی سوڈا ایش ٹیم کا حصہ بن کر میں فخر محسوس کرتا ہوں اور اس ادارے کی ترقی کے لیے دعا گو ہوں۔ خدا کرنے یہ ادارہ ہمیشہ قائم رہے آمین۔

# آپ کا خط ملا

## ہمقدم کے بارے میں آپ کے تاثرات

ہمقدم بہت اچھا میگزین ہے۔ اس میں آئی سی آئی کی تمام Business Sites کی چیدہ چیدہ خبریں اور مختلف تقاریب منعقد ہونے کی تصاویر اور احوال شائع ہوتے ہیں۔ اس سے تمام ورکرز ایک دوسرے میں باہم مربوط اور منسلک رہتے ہیں اور آگاہی حاصل کرتے ہیں۔


اس کا پیپر اور پرنٹنگ کوالٹی بہت اچھی ہے خصوصاً شائع ہونے والی تصاویر بہت کلیئر اور واضح ہوتی ہیں۔ اس کی خبریں مختصر مگر جامع ہوتی ہیں۔ میری تجویز ہے کہ اس ادارے کے ساتھ دیر تک منسلک رہنے والے ورکرز کا تعارف شائع کرنے کا سلسلہ شروع کیا جائے اور اس کے ساتھ ساتھ ہر سال اس ادارے میں ایسی سروس مکمل کرنے والے لوگوں کا مختصر تعارف بھی شامل کیا جائے۔ میری دعا ہے کہ اس میگزین کو اس کے صارفین میں مزید پذیرائی حاصل ہو۔

**روبینہ یاسمین، سوڈا ایش کھیوڑہ**

ہمقدم ایک معیاری مجلّہ ہے جس سے ہمیں اپنے ادارے کے متعلق معلومات فراہم ہوتی ہیں۔ اس مجلّے نے ایک بڑی کمی کو پورا کیا ہے۔ اس کی وجہ سے ہم کمپنی میں ہونے والی تقریبات، تبدیلیاں اور مختلف سرگرمیوں کے بارے میں آگاہ رہتے ہیں۔ یہ مجلّہ ورکرز سے رابطے کا بہترین ذریعے ہے۔ اس کی تحریروں سے مستقبل کی تعمیر کے لیے رہنمائی ملتی ہے۔

ہمقدم کو آئی سی آئی فیملی ممبران بڑے شوق سے پڑھتے ہیں۔ ابھی اس میں بہتری کی بڑی گنجائش موجود ہے۔ ہماری دعا ہے کہ ہمقدم دن دگنی اور رات چوگنی ترقی کرے اور ہمیں اسی طرح کمپنی کے حالات سے باخبر رکھے۔

**شفیق اپل** سروسز آفیسر سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ



ڈرائنگ: سید خواجہ غوث محی الدین
والد کا نام: سید خواجہ محی الدین
کیمیکلز پلانٹ کراچی
اسکول: فوکس ویلی سیکنڈری اسکول
گلشن معمار، کراچی۔

کیمیکلز

# سیفٹی مہم
# اشیاء کی ترسیل میں ہاتھوں کا استعمال

ہم سب اس بات سے آگاہ ہیں کہ کسی بھی پلانٹ پر یا تو خودکار مشینوں کے ذریعے کام کیا جاتا ہے یا پھر جو لوگ وہاں کام کرتے ہیں وہ اپنے ہاتھوں کے ذریعے کچھ کام انجام دیتے ہیں۔ مثلاً ڈبے اور دیگر بھاری بھر کم اشیاء کی نقل و حرکت جیسے کہ ڈرمز اور بڑے بڑے کارٹنز کو ہائیڈرلک ٹرالیز کے ذریعے حرکت میں لایا جاتا ہے۔

ان سب چیزوں کی نقل و حرکت کے لیے سیفٹی سے آگاہی اور سیفٹی کی تربیت کا ہونا نہایت ضروری ہے تا کہ کام کے دوران کوئی حادثہ نہ ہو اور ہم بخیر و خوبی اپنے پیاروں کے پاس واپس جائیں جو دن بھر ہمارا انتظار کرتے ہیں۔

ہمارے کیمیکلز بزنس نے ماہ اکتوبر میں سیفٹی سے آگاہی مہم کا آغاز کیا جس کا بنیادی مقصد پلانٹ اور گودام میں اشیاء کی محفوظ طریقے سے حرکت کے بارے میں شرکاء کو بتانا تھا۔ اس حوالے سے سوال و جواب اور ایک کوئز مقابلہ بھی رکھا گیا تھا تاکہ شرکاء کی دلچسپی اور سیفٹی کے متعلق معلومات کے بارے میں اندازہ ہو سکے۔

اس سلسلے میں خاص طور سے اس بات پر بھی توجہ دی گئی کہ شرکاء کو معلوم ہو سکے کہ مشینوں اور دیگر آلات کو کس طرح سے محفوظ طریقے سے حرکت دینا چاہیئے اور ان کی دیکھ بھال کے کون سے بہتر طریقے ہیں۔




شرکاء کا اس آگاہی مہم کے بارے میں کہنا تھا کہ ہم نے اس کو بیحد مفید پایا اور ہمیں اندازہ ہوا کہ سیفٹی صرف پلانٹ پر ہی ضروری نہیں ہوتی، بلکہ ہمارا بیٹھنا، اٹھنا، چلنا اور مخصوص انداز سے کام کرنا بھی سیفٹی میں شمار ہوتا ہے جس کا اگر ہم خیال نہ رکھیں تو مستقبل میں دیگر مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔



# سیفٹی آگاہی مہم ۔ کیمیاوی مادوں کا کھلا ہونا

ہمارا کیمیکلز پلانٹ 100 سے زائد مختلف پروڈکٹس تیار کرتا ہے جو کہ مختلف قسم کے کیمیکلز سے مل کر تیار ہوتی ہیں۔ ان کیمیکلز کا غیر محفوظ استعمال بعض صورتوں میں ہماری صحت کے لیے نہایت نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے۔ چنانچہ کیمیکلز اور ان کے استعمال کے دوران ہونے والے ممکنہ خطرات سے آگاہی کے لیے ایم اے حفیظ ٹیکنیکل منیجر کیمیکلز کی سربراہی میں ایک مہم کا آغاز کیا گیا۔ اس آگاہی مہم کا موضوع تھا ۔ کیمیکلز سیفٹی کمز اِن کینز ۔ آئی کین یوکین ، وی کین

Chemicals Safety Comes in Cans - I Can, You Can, We Can...

اس سلسلے میں تشہیری پوسٹرز ہیڈ آفس اور پلانٹ پر لگائے گئے تھے۔ پلانٹ اور ویئر ہاؤس اسٹاف کے لیے علیحدہ سے تربیتی نشستیں رکھی گئی تھیں۔ اس قسم کی آگاہی نشستوں کی کامیابی کا دارومدار لوگوں کی بھرپور شرکت، موضوع کی سمجھ اور اس کا اپنی روزمرہ کی زندگی میں استعمال پر ہوتا ہے تا کہ ہم کیمیکلز اور ان سے متعلق خطرات سے آگاہ ہو سکیں اور ان کو استعمال کرتے وقت ضروری احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔





**پولی الیسٹر**

# فیملی ڈے 2014

ہمارے پولیسٹر بزنس نے 29 نومبر 2014 کے دن سالانہ فیملی ڈے کی تقریب کا بندوبست کیا۔ یہ ایک روایتی تقریب ہوتی ہے جس میں پلانٹ ورکرز، ان کی فیملیز اور دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے افسران اور ان کے خاندان کے لوگ شریک ہوتے ہیں۔ اس قسم کی تقریبات سے خاندان ایک دوسرے سے ملتے ہیں اور انہیں ایک دوسرے سے اپنے خیالات کے تبادلے کا موقع ملتا ہے۔ اس تقریب کے منتظمین نے مہمانوں کے لیے بہترین انتظام کیا ہوا تھا۔

تقریب کا آغاز سہیل اسلم خان وائس پریذیڈنٹ پولیسٹر کے خطاب سے ہوا جس کے بعد یونین کے جوائنٹ سیکرٹری محمد جمیل چوہدری نے اپنے خیالات کا اظہار کیا، جس میں کمپنی کے اندر دوستانہ ماحول کی تعریف کی جو کہ کسی بھی پلانٹ کی پیداواری صلاحیت کو بہتر سے بہتر انداز سے حاصل کرنے کے لیے بیحد ضروری ہے۔ انہوں نے ورکرز کی جانب سے اس یقین کا اظہار کیا کہ یہ پرُسکون ماحول اور تعاون آئندہ بھی جاری رہے گا اور ہم سب مل کر بزنس کو مزید بلندیوں کی جانب لے جائیں گے۔

تقاریر کے بعد تمام شرکاء کے لیے ایک پرُتکلف عشائیہ کا انتظام کیا گیا تھا جس کے بعد محفل موسیقی کا بھی بندوبست تھا۔ جس میں ہنی البیلا اور نواز انجم نے اپنے مزاحیہ چٹکلوں سے محفل کو زعفران زار کر دیا۔ اس کے علاوہ حمیرا ارشد اور جواد احمد نے اپنے گانوں سے محفل کے شرکاء کو بیحد محظوظ کیا۔


فیملی ڈے کی خاص بات یہ تھی کہ دوست ملک سے آئے ہوئے کچھ مہمان بھی اس محفل میں شریک تھے اور پروگرام سے لطف اندوز ہوئے۔ فیملی ڈے کی تقریب تمام شرکاء کے لیے ایک یادگار تقریب ثابت ہوئی۔


















Polyester Fibers


Fibers










Polyester Fibers
Annual Musical




Fibers



















## پولی ایسٹر

# ریٹائرمنٹ پارٹی

پولیسٹر بزنس کے ورکرز کی طرف سے 31 دسمبر 2014 کو ریٹائر ہونے والے ملازمین شوکت علی (اسٹاف نمبر5386) اورمحمد احمد صدیقی (اسٹاف نمبر 9005) کے اعزاز میں روائتی ریٹائرمنٹ پارٹی مورخہ 30 دسمبر2014 بروز منگل ورکس کینٹین ہال میں منعقد ہوئی۔تقریب کا آغاز تلاوتِ قرآنِ کریم اور نعتِ رسولِ مقبولﷺ سے ہوا۔اس کے بعد راجہ خلیل الرحمٰن جنرل سیکرٹری آئی سی آئی پولیسٹر ایمپلائز یونین اورمہمانِ خصوصی جناب رضا آذر صاحب ورکس منیجر پولیسٹر بزنس نے اپنے خطاب میں ریٹائر ہونے والے ملازمین کی بزنس کے لیے خدمات کوسراہا۔ریٹائر ہونے والے دونوں ورکرز نے بھی اپنے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے اپنی سروس صحت وتندرستی کے ساتھ پوری ہونے پر اللہ تعالیٰ کا شکرادا کیا اور کمپنی کے بہتر مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔اس کے بعد ریٹائر ہونے والے ملازمین میں تحائف تقسیم کیے گئے۔اس تقریب میں یونین آفیشلز ، ورکرز اور مینجمنٹ اسٹاف نے بھرپور شرکت کی ۔ آخر میں حاضرین کی ریفریشمنٹ سے تواضع کی گئی۔





















سوڈا ایش

# الوداعی پارٹی

حسب ہدایت اس سال بھی 31 دسمبر 2014 کو ریٹائر ہونے والے ایمپلائز کے اعزاز میں یونین اور تمام ورکرز کی جانب سے سوڈا ایش کے ویلفیئر ہال میں الوداعی پارٹی کا اہتمام کیا گیا 31 دسمبر 2014 کو سوڈا ایش سے 10 ورکرز اور 3 آفیسرز نے اپنی سروس مکمل کی اور ریٹائر ہوئے جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1- | حاجی محمد اظہار الحق | مدت ملازمت | 39 سال 5 ماہ |
| 2- | محمد صفدر کامران | مدت ملازمت | 35 سال 8 ماہ |
| 3- | حاجی عبدالخالق | مدت ملازمت | 29 سال 1 ماہ |
| 4- | ملک محمد امتیاز | مدت ملازمت | 33 سال 7 ماہ |
| 5- | حاجی محمد افضل | مدت ملازمت | 38 سال 9 ماہ |
| 6- | محمد ارشد رانا | مدت ملازمت | 33 سال 7 ماہ |
| 7- | محمد لطیف | مدت ملازمت | 29 سال 9 ماہ |
| 8- | حاجی محمد علی | مدت ملازمت | 23 سال 6 ماہ |
| 9- | ریفائل آئزک | مدت ملازمت | 27 سال 6 ماہ |
| 10- | رانا مختار احمد | مدت ملازمت | 27 سال 6 ماہ |
| 11- | حاجی محمد زراعت | مدت ملازمت | 27 سال 5 ماہ |
| 12- | محمد رفیق | مدت ملازمت | 23 سال 6 ماہ |
| 13- | صابر شکیل | مدت ملازمت | 23 سال 4 ماہ |

اس تقریب کے مہمانِ خصوصی جناب سہیل اسلم خان وائس پریذیڈنٹ پولیسٹر سوڈا ایش بزنسز تھے۔ ان کے ہمراہ جناب محمد مشتاق آپریشنل منیجر بھی تھے۔ یونین کے صدر جناب ملک محمد عجائب اور جنرل سیکریٹری جناب چوہدری محمد سلیم انجم نے اپنی ٹیم کے ہمراہ مہمانوں کا استقبال کیا۔ تقریب میں تمام ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹس منیجرز آفیسرز اور تمام ورکرز نے شرکت کی تقریب کا آغاز تلاوتِ کلام پاک سے ہوا۔ یونین کے صدر جناب ملک محمد عجائب نے تمام مہمانوں کو تشریف آوری پر خوش آمدید کیا اور جناب سہیل اسلم خان صاحب کا 5% (WPPF) کی ادائیگی کے اعلان پر شکریہ ادا کیا۔ یونین کے جنرل سیکریٹری جناب چوہدری محمد سلیم انجم نے اپنے خطاب میں ریٹائر ہونے والے ساتھیوں کی خدمات کو سراہتے ہوئے انہیں مبارک باد دی۔

جنہوں نے ایک طویل عرصے تک اس پلانٹ پر کام کیا اور اپنی سروس مکمل کر کے ریٹائر ہوئے۔ انہوں نے تمام مہمانوں کا بھی اس تقریب میں شرکت پر شکریہ ادا کیا۔
آخر میں تقریب کے مہمانِ خصوصی جناب سہیل اسلم خان وائس پریذیڈنٹ پولیسٹر و سوڈا ایش بزنسز نے اپنے خطاب میں ریٹائر ہونے والے تمام ساتھیوں کو مبارک باد دی اور ان کی خدمات کو سراہا کہ انہوں نے اپنی ذمہ داری نہایت ہی احسن طریقے سے پوری کی اور کمپنی کو کبھی شکایت کا موقعہ نہیں دیا۔ اس موقع پر جناب سہیل اسلم خان صاحب نے ICI پاکستان اور بالخصوص سوڈا ایش بزنس کے ترقیاتی پراجیکٹس کے بارے میں حاضرین کو آگاہ کیا اور یونین کی طرف سے نشاندہی کیے گئے نکات پر تفصیلاً آگاہی دی۔ آخر میں ایک مرتبہ پھر انہوں نے ریٹائر ہونے والے ساتھیوں کو مبارک باد دی اور باقی ماندہ زندگی میں ان کی صحت کے لیے دعا کی۔

تقریب کے اختتام پر تمام مہمان چائے وغیرہ سے لطف اندوز ہوئے اس دوران جناب سہیل اسلم خان تمام ایمپلائز میں گھل مل گئے۔ پرانے دور کی باتیں یاد کیں۔ خوب گپ شپ ہوئی، قہقہے لگے، پرانے دوستوں سے مل کر جناب سہیل اسلم خان بہت خوش ہوئے۔ ہم دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ اس ادارے کو دن دگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے (آمین) اس دعا کے ساتھ یہ پُر وقار تقریب اپنے اختتام کو پہنچی۔






















تمام معزز ساتھیوں کو خوش آمدید
31 دسمبر کو ریٹائرڈ ہونے والے معزز ایمپلائز ساتھیوں کو سروس مکمل کرنے پر دلی
مبارکباد



















سوڈا ایش

# ریفائنڈ سوڈیم بائی کاربونیٹ 14KTPA پراجیکٹ کا افتتاح



ریفائنڈ سوڈیم بائی کاربونیٹ 14 KTPA، پراجیکٹ کے پہلے مرحلے کا افتتاح جناب سہیل اسلم خان وائس پریذیڈنٹ پولیئٹر، سوڈا ایش بزنسز نے 22 دسمبر 2014 کو کیا۔

یہ پراجیکٹ دو مرحلوں میں مکمل ہوگا۔ پہلے مرحلے میں نیا سوڈا ایش ویئر ہاؤس اور پیکنگ یونٹ بنے گا دوسرے مرحلے میں مین پلانٹ کو نصب کیا جائے گا۔ اس پراجیکٹ کی کامیاب تکمیل کے بعد RSB پلانٹ کی پیداواری صلاحیت 26 KTPA سے بڑھ کر 40 KTPA ہو جائے گی۔



# فری کار چیک اَپ ورکشاپ

آئی سی آئی پاکستان جہاں اپنے ایمپلائیز کا ہر طرح کا خیال رکھتی ہے۔ وہاں سوڈا ایش کھیوڑہ بھی کسی سے پیچھے نہیں۔ اپنے ایمپلائیز کی چھوٹی چھوٹی باتوں مثلاً رہن سہن سیفٹی صحت اور سفر کا بھی خیال رکھتی ہے۔ خالد محمود ملک صاحب سیکیورٹی و ٹرانسپورٹ آفیسر نے سوزوکی (Suzuki) کمپنی سے رابطہ کیا کہ ہم اپنی گاڑیوں کو چیک کرانا چاہتے ہیں۔

سوزوکی فالکن موٹرز سرگودھا کے مینٹیننس منیجر عبدالستار مغل صاحب اپنی ٹیم کے ہمراہ اور اسپیر پارٹس لیکر کھیوڑہ تشریف لائے۔ الکلی اسپورٹس کلب کے ہاکی گراؤنڈ میں موبائل ورکشاپ بنائی گئی۔ تمام ایمپلائیز اپنی اپنی گاڑی لیکر ہاکی گراؤنڈ پہنچ گئے۔

تمام سوزوکی کمپنی کی گاڑیوں کا فری چیک اپ کیا گیا اور چھوٹی موٹی مرمت بھی کی گئی۔ سوڈا ایش کے ایمپلائیز سوزوکی کمپنی اور مینٹیننس ٹیم کے تہہ دل سے مشکور ہیں۔ جنہوں نے ٹائم نکالا اور کھیوڑہ تشریف لائے۔

ایمپلائیز آئی سی آئی سوڈا ایش انتظامیہ کے بھی مشکور ہیں۔ جنہوں نے سوزوکی کار کے فری چیک اَپ کا اہتمام کیا۔












سوڈا ایش

# سالانہ پکنک لاہور کی سیر















آئی سی آئی سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ جہاں بزنس کی ترقی کے لیے کوشاں ہے وہاں ایمپلائز کی جسمانی اور دماغی مضبوطی کے لیے مختلف قسم کے پروگرام مرتب کرتی رہتی ہے۔ اس دفعہ سوڈا ایش کے ورکرز کو لاہور کی سیر کرانے کا پروگرام بنایا گیا۔ کہتے ہیں۔

''جس نے لاہور نہیں نکیا، تو جمیاں ای نہیں'' شفٹ ورکرز کو اپنی ہفتہ وار ریسٹ اور ڈے ورکرز کو اتوار کے دن سیر کرانے کے لیے پروگرام ترتیب دیا گیا سب سے بڑا گروپ ڈے ورکرز کا بنتا ہے۔ ورکرز کو اس تفریحی پروگرام سے بھرپور استفارہ کرانے کے لیے موجود یونین کے صدر ملک محمد عجائب اور جنرل سیکریٹری چوہدری محمد سلیم انجم اور ان کی ٹیم نے انتظامی امور میں بھرپور تعاون کیا جس کی بدولت ایمپلائز اس تفریحی پروگرام سے بھرپور لطف اندوز ہوئے۔ پروگرام کے مطابق کھیوڑہ میں ناشتہ، لاہور میں چڑیا گھر کی سیر، داتا گنج بخشؒ کے مزار پر حاضری۔ لیاقت ہوٹل میں دوپہر کا کھانا۔ کھانے کے بعد جناح پارک میں تفریح سے ایمپلائز نے خوب انجوائے کیا۔ اس کے بعد تمام لوگ انارکلی اور مال کی طرف نکل گئے۔

رات دس بجے یہ قافلہ واپس عازم کھیوڑہ ہوا۔ تمام ورکرز اور سی بی اے آئی سی آئی سوڈا ایش انتظامیہ کی اس زبردست کاوش پر شکر گزار ہیں اور کامیاب سالانہ پکنک کے پروگرام پر مبارک باد پیش کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہیں کہ ہمارا ادارہ دن دگنی رات چوگنی ترقی کرتا رہے (آمین)۔







### سوڈا ایش

### لیڈیز ویلفیئر سینٹر

# سالانہ تقریب تقسیم انعامات و نمائش

حسب روایت اس سال بھی لیڈیز ویلفیئر سینٹر آئی سی آئی سوڈا ایش بزنس کی سالانہ تقریب تقسیم انعامات و نمائش نہایت خوش و خروش اور پُروقار انداز میں 22 دسمبر 2014 کو ورکرز ویلفیئر ہال میں منعقد ہوئی۔ اس سال 12 طالبات نے کورس مکمل کیا۔ مسز سہیل اسلم خان نے اول ، دوم اور سوم آنے والی طالبات کو بالترتیب یف مشین ، سنگر مشین اور سادی مشین انعام کے طور پر دیں۔ چوتھی اور پانچویں پوزیشن پر آنے والی طالبات کو انعامات اور باقی تمام طالبات کو اسناد سے نوازا گیا۔ ٹیچرز کو بھی سالانہ کارکردگی کی بنا پر انعامات دیئے گئے ۔ پروگرام کی خاص بات ایک نمائش کا انعقاد تھا۔ جس میں سینٹر میں بنائی گئی اشیاء کو نمائش کے لیے پیش کیا گیا۔ نمائش میں رکھی گئی اشیاء کی تصاویر کو LCD پر ڈسپلے کیا گیا تا کہ لوگوں کو انہیں دیکھنے میں آسانی ہو۔ تمام شرکاء نے اشیاء کی سجاوٹ اور کوالٹی کو خوب سراہا۔ اشیاء کی قیمت نہایت ہی مناسب ہونے کی وجہ سے تمام چیزیں ہاتھوں ہاتھ بک گئیں۔
اس موقعہ پر محمد عمر مشتاق منیجر آپریشنز اور جناب سہیل اسلم خان وائس پریذیڈنٹ کو آئی سی آئی کے نئے لوگو بلوپرل کی کڑھائی کی گئی فریمز دی گئیں۔

اس موقع پر اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے جناب سہیل اسلم خان نے کہا کہ ہمارے لیڈیز ویلفیئر سینٹر کی ٹیم کی کارکردگی قابل رشک ہے اور یہ سینٹر کھیوڑہ ٹاؤن کی بچیوں کی فنی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔

















سوڈا الیش

# ونگٹن اسکول

# سالانہ تقریب تقسیم انعامات

ونگٹن اسکول کی سالانہ تقریب تقسیم انعامات واسناد 22 دسمبر کو منعقد کی گئی۔ مہمان خصوصی سہیل اے خان (وائس پریذیڈنٹ) جناب عمر مشتاق (آپریشن منیجر) اور دیگر بورڈ آف گورنرز نے شرکت فرما کر تقریب کو چار چاند لگا دیئے۔ اس موقع پر مہمانِ خصوصی نے پری اسکول کی نئی عمارت کا افتتاح کیا۔ پری اسکول کے ننھے منے بچوں نے پاکستان کے علاقائی لباس زیب تن کر رکھے تھے اور اپنی خوش رنگ پیراہنوں میں بچوں نے مہمان خصوصی کا استقبال کیا اور جناب سہیل اے خان صاحب اور ان کی بیگم کو پھول پیش کیے گئے۔

پری اسکول کی نئی عمارت کے افتتاح کے بعد تمام مہمان اپنی اپنی نشستوں پر تشریف فرما ہوئے اور تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ اس کے بعد بچوں نے ایک حمد کورس کی شکل میں پیش کی۔ تقریب انتہائی سادگی سے منعقد کی گئی اس کی وجہ پشاور آرمی پبلک اسکول میں ہونے والا دہشت گردی کا واقعہ تھا چونکہ پوری قوم سوگوار تھی اس لیے ونگٹن اسکول کے پرنسپل صاحب و اسٹاف اور بچے بھی پیچھے نہ تھے اس لیے بہت سی سرگرمیاں حذف کر دی گئیں۔

اسکول کی ایک طالبہ نے اسکول کی مختصراً تاریخ پیش کی۔

اس کے بعد پرنسپل جمال ملک نے اپنی تقریر میں آرمی پبلک اسکول میں ہونے والے دہشت گردی کے واقعہ کی بھرپور مذمت کی اور معصوم بچوں اسٹاف اور پرنسپل کی شہادت پر اپنی اسٹاف اور بچوں کی طرف سے گہرے دکھ کا اظہار کیا اور ملک کی سلامتی کے لیے دعا کی۔

پرنسپل کی تقریب کے بعد بچوں میں انعامات واسناد کی تقسیم کا سلسلہ شروع ہوا۔ مہمانِ خصوصی جناب سہیل اے خان صاحب نے اپنی تقریر میں اسکول کی اس سادہ وپُر وقار تقریب کو سراہا۔

اس تقریب کے انعقاد، نظم و ضبط، سادگی و خوبصورتی نے مہمانانِ گرامی کے ذہنوں میں اس عکس کو پختہ کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے کہ ونگٹن اسکول ایک مثالی ادارہ ہے جو اس قوم کے نونہالوں کی تعلیم و تربیت میں اپنا بھرپور کردار ادا کر رہا ہے۔

آپ اپنے صدف ہمارے حوالے تو کیجئے
بنتے ہیں کیسے گوہر، یہ ہم پہ چھوڑے










سوڈا ایش

# ذیابطیس اور غذا






کسی بھی ادارے خاص طور سے مینوفیکچرنگ پلانٹ پر سیفٹی اور صحت کی اہمیت سے کوئی انکار نہیں کرسکتا۔ اس وجہ سے نہیں کہ پلانٹ اور مشینری محفوظ رہے۔ بلکہ ان سب سے بڑھ کر وہاں کام کرنے والی افرادی قوت کا تحفظ سب سے اولین ترجیح ہوتی ہے۔

آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش بھی جانتی ہے کہ ہمارا سب سے بڑا سرمایہ ہمارے اِمپلائیز ہیں۔ اسی بنیاد پر سوڈا ایش کی انتظامیہ اپنے ملازمین کے تحفظ کے لیے ہر لمحہ سرگرم عمل رہتی ہے۔ سیفٹی اور صحت کے شعور کو مزید تقویت دینے کے لیے موجودہ دور کی ضرورت کے تحت سیفٹی اور صحت کے بارے میں ٹریننگ کے پروگرام مرتب کرتی رہتی ہے۔

سوڈا ایش ونگٹن ہسپتال کے میڈیکل سپریڈنٹنٹ ڈاکٹر محمد راشد خان بھی ہر لمحہ اپنے ورکرز کے لیے ٹریننگ سینٹر اور ہسپتال میں معلوماتی سیشن منعقد کرتے رہتے ہیں اور اپنے ورکرز کو ان کی صحت کے بارے میں ہائی بلڈ پریشر اور کیسٹرول کے بارے میں آگاہ کرتے رہتے ہیں۔ اس مرتبہ ذیابطیس اور غذا کے بارے میں ایک نشست رکھی گئی جس میں چند اہم معلومات فراہم کی گئی تھیں۔ لیڈی ڈاکٹر عطیہ رباب نے ورکرز کو غذا کے بارے میں تفصیلاً بتایا۔ جن لوگوں کو ذیابطیس کا مرض ہے۔ ان کو کون کون سی غذا سے پرہیز کرنا ہے۔ کون سی غذا سے احتیاط اور کون کون سی غذا جو حسب ضرورت استعمال کر سکتے ہیں۔ سفر کریں تو آپ کو کیا کیا احتیاط کرنی چاہیں۔ اور کون کون سی میڈیسن اپنے ساتھ سفر میں لے کر جانی ہیں۔ آخر میں ورکرز نے ڈاکٹر محمد راشد خان اور لیڈی ڈاکٹر عطیہ رباب اور آئی سی آئی انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا کہ جنھوں نے اتنی مفید باتیں ان تک پہنچائیں اور اس موذی مرض کے بارے میں آگاہی دی۔ اللہ تعالیٰ اس ادارے کو قائم و دائم رکھے۔ خوب ترقی کرے۔ آمین۔

# رویوں کی بنیاد (BBS) پر سیفٹی میں بہتری کے لیے پلانٹ راؤنڈ

کسی بھی پلانٹ پر خود احتسابی کے ساتھ ساتھ مسلسل انسپکشنز اور سسٹم کو پرکھنے کا عمل حادثات کو ختم کرنے کے لیے انتہائی ضروری ہے، پلانٹ پر رویوں میں بہتری کے کلچر کو فروغ دینے کے لیے بھی رفقائے کار سے ہم آہنگی اہم کردار ادا کرتی ہے۔ اسی مشن کو مزید تقویت دینے اور مکمل کرنے کے لیے آپریشنز منیجر عمر مشتاق اور سیفٹی منیجر سعید اقبال نے عمومی رویوں کا جائزہ لینے کے لیے پلانٹ کا دورہ کیا اور ورکرز سے ملاقات کے دوران پلانٹ پر غیر محفوظ عمل اور صورت حال کی نشاندہی کرتے ہوئے انہیں اس میں بہتری لانے پر زور دیا۔

### کبھی اپنے حسن پر غرور نہیں کرنا چاہیئے۔

آلو نے بھنڈی کے نمبر پر آئی لو یو کا میسج بھیجا۔ بھنڈی نے اسے کال کر کے برا بھلا کہا اور بولی شٹ اپ تم اتنے موٹے اور میں سلم اور اسمارٹ آلو کو بہت دکھ ہوا اور اس نے بھر اتنی سبزیاں پھنسائیں کہ آج آپ دیکھ سکتے ہیں۔

آلو گوبھی، آلو بیگن، آلو پالک، آلو میتھی، آلو مٹر، آلو گاجر اور آلو ساگ، جبکہ بھنڈی اس دن سے آج تک اکیلی ہے۔

اسی لیے کہتے ہیں کہ کبھی اپنے حسن پر غرور نہیں کرنا چاہیئے۔

لائف سائنسز

اینیمل ہیلتھ ڈویژن

## آپ کا مویشی ۔ آپ کا سرمایہ پروگرام

# مویشیوں کو دوا پلانا








ہمارے اینیمل ہیلتھ ڈویژن کی ٹیم نے بلوچستان کے دور دراز علاقوں یعنی قلعہ سیف اللہ، ژوب اور لورالائی میں ڈیری فارمرز کے ساتھ ملاقاتیں کیں اور انہیں ان کے مویشیوں کی دیکھ بھال اور ان کے علاقے میں موجود مختلف امراض کے حوالے سے آگاہی دی۔ محکمہ لائیو اسٹاک کے ٹیکنیکل سروسز آفیسر، دوست محمد اور ریجنل سیلز منیجر، ملک محمود اعوان نے ان ملاقاتوں میں ڈیری فارمرز کو ہمارے برانڈ فارمرز چوائس کے بارے میں بھی تفصیل سے بتایا جو کہ مویشیوں کی افزائش اور صحت کے حوالے سے ایک کامیاب برانڈ ہے۔

ملاقاتوں میں موجود ڈیری فارمرز نے اپنے جانوروں میں پائی جانے والی بیماریوں کے بارے میں سوال و جواب کیے جن کے دونوں حضرات نے بڑی تفصیل سے جوابات دیئے۔

آگاہی نشست کے بعد ہر علاقے میں مویشیوں کو دوائی پلائی گئی۔ اس مہم کے دوران 40 خانہ بدوش خاندانوں کی ملکیت 3500 بھیڑوں کو ژوب میں اور 800 مویشیوں کو لورالائی میں دوا پلائی گئی۔

مویشیوں کی دیکھ بھال کی اس مہم کو مقامی میڈیا نے بہت سراہا اور اخباروں میں نمایاں جگہ دی۔



لائف سائنسز

اینیمل ہیلتھ ڈویژن

## آپ کا مویشی ۔ آپ کا سرمایہ پروگرام

# فارمرز چوائس ۔ ویٹرنری اسسٹنٹس میٹنگ





ہمارے لائف سائنسز اینیمل ہیلتھ ڈویژن نے کچھ عرصے قبل فارمرز کے لیے ایک ون اسٹاپ سلوشن فارمرز چوائس برانڈ کے نام سے مویشیوں کے لیے ایک مکمل پروڈکٹس رینج مارکیٹ میں پیش کی۔

فارمرز کی جانب سے فارمرز چوائس برانڈ کو بیحد توجہ ملی اور سراہا گیا۔ یہ حوصلہ افزاء رجحان ہماری سیلز ٹیم کے لیے بہت خوش آئین ہے۔ ہماری ٹیم کے لوگ فارمرز کے ساتھ فیلڈ ڈے منعقد کرتے ہیں۔ ان کو جانوروں کی دیکھ بھال کے لیے مفید مشورے دیتے ہیں اور فارمرز چوائس کے استعمال کے فوائد بھی بتاتے ہیں۔

ہمارے فیصل آباد ریجن نے صلا والی، سرگودھا میں ویٹرنری اسٹنٹس اور ویٹرنری حضرات کے ساتھ ایک تربیتی نشست رکھی جس کا مقصد یہ تھا کہ فارمرز کو مویشیوں کی دیکھ بھال کے جدید طریقوں کے بارے میں آگاہ کیا جائے اور فارمرز چوائس کے استعمال اور اس کے نتیجے میں پیداوار میں اضافے کے بارے میں بتایا جائے۔

زاہد نظیر، ایریا منیجر فیصل آباد نے فارمرز کو سرگودھا ریجن میں جانوروں میں پائے جانے والی بیماریوں کے بارے میں آگاہ کیا۔ ان کے تدارک میں فارمرز چوائس اور دیگر پروڈکٹس کے استعمال کے بارے میں بتایا جو کہ مویشی کی صحت اور پیداواری صلاحیت میں اضافے کا باعث بنتی ہیں۔

زاہد نظیر نے فارمرز کے فارمرز چوائس پروڈکٹس کے بارے میں ٹیکنیکل اور مالی فوائد کے حوالے سے کیے گئے سوالات کے تسلی بخش جوابات دیئے۔

اس موقعہ پر مہمانِ خصوصی، ڈاکٹر نصراللہ کلیار، ڈسٹرکٹ لائیواسٹاک آفیسر اور ڈاکٹر ندیم الیاس، ویٹرنری آفیسر نے فارمرز چوائس ٹیم کی کارکردگی کو بیحد سراہا کہ جنہوں نے اس قسم کی نشستوں کا انتظام کیا جو کہ فارمرز کی آگاہی اور معلومات میں نہ صرف اضافہ کرتا ہے بلکہ ان کی خوشحالی کا بھی باعث بنتا ہے۔

لائف سائنسز

اینیمل ہیلتھ ڈویژن

## آپ کا مویشی ۔آپ کا سرمایہ پروگرام

# سندھ کے ڈیری فارمرز سے ملاقات

ہمارے لائف سائنسز اینیمل ہیلتھ ڈویژن کی ٹیم نے ماہِ دسمبر میں سندھ کے ڈیری فارمرز کے ساتھ مختلف علاقوں میں اجتماعات منعقد کیے۔

ان ملاقاتوں اور اجتماعات کا بنیادی مقصد ڈیری فارمرز کو ان کے مویشیوں میں پائے جانے والی غذائیت کی کمی کی وجہ سے بیماریوں اور کمزوری کے مسائل سے آگاہ کرنا تھا جس میں سب سے زیادہ مویشی کا نظام ہضم متاثر ہوتا ہے اور وہ مختلف بیماریوں میں مبتلا ہو جاتا ہے۔

مسعود رانا ، ایریا منیجر، فارمرز چوائس ٹیم نے فارمرز کو مویشیوں کو چمٹ جانے والے کیڑوں کے دورانیئے کے بارے میں بڑی تفصیل سے بتایا اور ان کی وجہ سے پیدا ہونے والی بیماریوں کے بارے میں آگاہی دی۔ گفتگو کے دوران اندازہ ہوا کہ بہت سے فارمرز طفیلی جرثوموں اور ان کی وجہ سے مویشی کے تولیدی نظام میں خرابی سے آگاہی نہیں تھے جو کہ مویشی کی دودھ اور گوشت کی پیداوار میں کمی کا سبب ہوتے ہیں۔

مسعود رانا نے ڈیری فارمرز کو اس حوالے سے فارمرز چوائس برانڈ کے بارے میں بتایا کہ اس کے استعمال سے نہ صرف تندرست جرثومے مر جاتے ہیں بلکہ اس برانڈ کی پروڈکٹس ان کو جڑ سے ختم کر دیتی ہیں۔

فارمرز نے فارمرز چوائس کی تمام پروڈکٹس اور ان کے پبلسٹی میٹریل میں بڑی دلچسپی کا اظہار کیا۔ ڈیری فارمرز نے اپنے مویشیوں کے حوالے سے مختلف سوالات بھی کیے جن کے بڑے تسلی بخش جوابات دیئے گئے۔

ان ملاقاتوں میں تقریباً 80 ڈیری فارمرز نے شرکت کی جو کہ سندھ کے ضلع سانگھڑ سے تعلق رکھتے ہیں۔ یہاں اگر یہ بات کہی جائے تو غلط نہیں ہوگا کہ ہماری اینیمل ہیلتھ کی ٹیم ہر وقت اس بات کے لیے کوشاں رہتی ہے کہ ہمارے ڈیری فارمرز کو ان کے مویشیوں کی دیکھ بھال اور افزائش کے بارے میں جدید معلومات سے آگاہ رکھے۔ یہ حکمتِ عملی نہ صرف ڈیری فارمر کے لیے خوشحالی کا باعث ہے بلکہ اس کی وجہ سے فارمرز چوائس برانڈ کو مویشیوں کی دیکھ بھال کے حوالے سے ایک نمایاں برانڈ کا درجہ حاصل ہوگا۔





## لائف سائنسز

# ایچ ایس ای ویک 2014

ہمارے لائف سائنسز بزنس کی ٹیم نے ماہ دسمبر میں ایچ ایس ای ویک بنانے کا فیصلہ کیا۔ اس سیفٹی ویک کا بنیادی مقصد تمام اسٹاف میں اپنی صحت اور حفاظت کے ساتھ ساتھ ماحول کی حفاظت کا بھی خیال رکھنے کی اہمیت پر زور دینا تھا ۔ کیونکہ ایچ ایس ای کا خیال رکھنا ہی ہمارے کام کرنے کا اجازت نامہ ہے۔

سیفٹی ویک کی چار روزہ تقریبات کا افتتاح آصف ملک، وائس پریذیڈنٹ، لائف سائنسز بزنس نے لائف سائنسز کی تمام 8 لوکیشنز پر موجود اسٹاف سے وڈیو اور آڈیو یولنک کے ذریعے خطاب سے کیا اور ہماری عملی زندگی اور کاروباری زندگی میں سیفٹی کی اہمیت پر روشنی ڈالی انہوں نے کہا کہ یہ ہم سب کی ذمہ داری ہے کہ نا صرف ہم اپنی کام کی جگہ کی سیفٹی کا خیال رکھیں بلکہ اپنے گھر اور اپنے اردگرد رہنے والوں کی بھی سیفٹی کا خیال رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں کوئی بھی کام کرنے سے پہلے یہ ضرور سوچنا چاہیئے کہ اس کام کرنے سے کہیں ماحول تو خراب نہ ہوگا۔ یا کسی کو تکلیف تو نہ ہوگی۔



کراچی، لاہور، اسلام آباد، حیدرآباد، ملتان، ساہیوال، فیصل آباد اور پشاور میں موجود اسٹاف نے اپنی اپنی لوکیشنز پر سیفٹی سے متعلق اپنے عہد ”آج میں یہ عہد کرتا ہوں کہ محفوظ رہوں گا“ پر دستخط کیے۔

اس کے علاوہ سیفٹی ویک کے دوران سیفٹی کوئز اور محفوظ ڈرائیونگ کے مقابلوں کے علاوہ سیفٹی ہیلتھ واک اور فائر سیفٹی ٹریننگ کی نشستوں کا بھی انعقاد کیا گیا، مقابلوں کے شرکاء میں انعامات بھی تقسیم کیے گئے۔
























HSE
LIFE SCIENCES BUSINESS
HSE
LIFE SCIENCES BUSINESS
FINISH SAFE

لائف سائنسز

اینیمل ہیلتھ ڈویژن

## آپ کا مویشی۔ آپ کا سرمایہ پروگرام

# ''سوماٹیک'' ڈیری فارمرز سے ملاقات

ہمارے لائف سائنسز بزنس کے تمام ڈویژن اس بات کے لیے کوشاں رہتے ہیں کہ ہم اپنے کسٹمرز کے لیے بہتر سے بہتر اور پائیدار حل تلاش کر کے انہیں پیش کریں تا کہ ان کے کاروبار میں اضافہ ہو جو یقینی طور پر ہمارے کاروبار میں بھی اضافے کا باعث بنے گا۔

اینیمل ہیلتھ ڈویژن کی ٹیم نے اپنے مشہور برانڈ سوماٹیک کے کسٹمرز کے ساتھ مختلف نشستیں رکھیں جن میں یورپ کی مشہور کمپنی الانکو کی پروڈکٹ سوماٹیک کے بارے میں تفصیل سے آگاہی دی گئی۔ سوماٹیک دودھ دینے والے جانوروں کے لیے نہایت فائدہ مند ہے۔ اس کے استعمال سے جانوروں کے دودھ دینے کی صلاحیت میں خاطر خواہ اضافہ ہوتا ہے جو کہ ڈیری فارمرز کے لیے خوشحالی کا باعث بنتا ہے اور ساتھ ہی ساتھ اینیمل ہیلتھ ڈویژن کی سیلز کا اہم حصہ ہے جو کہ خاص طور سے ہمارے زراعت سے بھرپور نارتھ ریجن کے لیے نہایت اہم مقام رکھتا ہے۔

نارتھ ریجن کے ڈیری فارمرز کے ساتھ منعقدہ سوماٹیک کی نشستوں کے دو مقاصد ہیں۔ نمبر ایک کہ ہماری سیلز ٹیم ڈیری فارمرز کے ساتھ قریبی روابط قائم کرے کیونکہ پاکستان دودھ پیدا کرنے والے ممالک میں آٹھویں نمبر پر ہے اور ہم ایک بہت بڑی ڈیری فارمرز کمیونٹی رکھتے ہیں۔ دوسرا مقصد یہ کہ ہم اپنے ڈیری فارمرز کو جدید تحقیق، تکنیکی مشورے اور مویشیوں سے متعلق منفرد حل پیش کریں جن کی وجہ سے ان کے مویشی تندرست و توانا رہیں۔ ان کی بہترین افزائش ہو جو کہ ڈیری فارمرز کی خوشحالی کا باعث بنے۔

اس حوالے سے ہمارے پوٹھوہار ریجن نے ڈیری فارمرز کے ساتھ چار نشستیں منعقد کیں۔ جن میں سوماٹیک کی دودھ دینے والے مویشیوں کے لیے اہمیت پر گفتگو کی گئی۔ ان نشستوں کے شرکاءِ صرف ڈیری فارمرز نہیں تھے بلکہ ان میں حکومت کے ویٹرنری ڈیپارٹمنٹ کے عملے کے افراد بھی تھے جن کو سوماٹیک کے استعمال سے ہونے والے فوائد کے علاوہ فارم کی ترتیب، دودھ نکالنا، دودھ کی غذائیت اور ماحول کا اثر کے حوالے سے تفصیل سے بتایا گیا۔ ہماری آبادی میں تیزی سے جو اضافہ ہو رہا ہے اس کے باعث یہ لازمی ہو گیا ہے کہ ہم جدید اور منفرد طریقے اپنائیں تا کہ ہمارے مویشیوں کی پیداواری صلاحیتوں میں اضافہ ہو جو کہ ہمارے ملک کے لوگوں کی غذائی ضرورتوں کو پورا کر سکے۔






## لائف سائنسز
## ایگری ڈویژن
## فصل شاندار۔ کاشتکار خوشحال پروگرام

# ریکارڈ بناؤ۔ امریکہ گھوم کر آؤ

یہ تو ہم سب ہی جانتے ہیں کہ کسی بھی کاروبار کی کامیابی کا دار و مدار اس کاروبار سے منسلک اشیاء کی فروخت پر ہوتا ہے۔ چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ ڈیلرز اور سیلز ٹیم کے لوگ ہر وقت اپنے سیلز ٹارگٹ کو حاصل کرنے اور زیادہ سے زیادہ فروخت کا ریکارڈ قائم کرنے کے لیے کوشش کرتے رہتے ہیں اور جب ریکارڈ قائم کرنے پر انعام کی بھی کشش ہو تو پھر تو ہر کوئی بہتر سے بہتر کے لیے کوشاں رہتا ہے۔

ہمارے ایگری ڈویژن نے سن فلاور اور دیگر پروڈکٹس کی سب سے زیادہ فروخت کرنے پر اپنے ڈیلرز کو انعام کے طور پر نیویارک، سان فرانسسکو، لاس اینجلیس اور لاس ویگاس کا دورہ کرایا۔ اس دورے کے دوران ڈیلرز کو ان کی بہترین کارکردگی پر یادگاری شیلڈز بھی دی گئیں۔

ہمارے ڈیلرز ہمارے پارٹنرز ہوتے ہیں اور اس قسم کے دورے ان پارٹنرز کی حوصلہ افزائی کا باعث بنتے ہیں اور وہ اپنے اور ہمارے کاروبار کی ترقی کے لیے پہلے سے بھی زیادہ محنت کرتے ہیں۔

درج ذیل میں سندھ اور پنجاب ریجن میں آئی سی آئی کے سن فلاور اور دیگر پروڈکٹس کی فروخت میں سب سے آگے رہنے والے ڈیلرز کے نام اور ان کی کارکردگی کا چارٹ دیا جا رہا ہے:

| ریجن | پوزیشن | ڈیلر کا نام | کاروبار کا نام | فروخت کا حجم |
|---|---|---|---|---|
| پنجاب | پہلی پوزیشن | حضور بخش | طالب زرعی سروس | 59 میٹرک ٹن |
| پنجاب | دوسری پوزیشن | چوہدری خالد | خالد ٹریڈرز | 27 میٹرک ٹن |
| سندھ | پہلی پوزیشن | حنیف میمن | حنیف کارپوریشن | 60 میٹرک ٹن |
| سندھ | دوسری پوزیشن | کِشومل | آنند ٹریڈرز | 56 میٹرک ٹن |

ہمیں امید ہے کہ یہ چاروں حضرات دیگر ڈیلرز کے لیے مشعلِ راہ بنیں گے اور دیگر ڈیلرز بھی محنت کر کے پہلے اور دوسرے نمبر پر آنے کی کوشش کریں گے۔








### لائف سائنسز

### ایگری ڈویژن

### فصل شاندار۔ کاشتکار خوشحال پروگرام

# زرعی نمائش بھٹ شاہ۔ آئی سی آئی ایگری ڈویژن کے اسٹال نے پہلا انعام حاصل کیا۔

ہمارے لائف سائنسز بزنس کے ایگری ڈویژن نے بھٹ شاہ کی سالانہ زرعی نمائش میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا، یہ سالانہ نمائش حکومت سندھ کی جانب سے ہر سال منعقد کی جاتی ہے جس میں سندھ بھر سے کاشتکار حصہ لیتے ہیں ان کے علاوہ زرعی ادویات اور دیگر اشیاء بنانے والی کمپنیاں بھی اپنے اسٹال لگاتی ہیں۔

ہمارے ایگری ڈویژن نے بھی اس زرعی نمائش میں اپنی پروڈکٹس کے حوالے سے اسٹال لگایا اور کاشتکاروں کو پروڈکٹس اور ان کی فصل کے حوالے سے مفید مشورے دیئے۔

اس زرعی نمائش میں کاشتکاروں نے آئی سی آئی کی ایگری ڈویژن ٹیم کی کارکردگی کو بیحد سراہا منتظمین کی جانب سے نمائش میں لگائے گئے تمام اسٹالوں میں، آئی سی آئی کے اسٹال کو پہلے انعام کا حقدار قرار دیا گیا۔ اس موقع پر سندھ کے وزیر اعلیٰ سید قائم علی شاہ نے آصف اقبال، ایریا منیجر، حیدرآباد کو ٹرافی دی۔






لائف سائنسز

ایگری ڈویژن

# سیڈز پروسسنگ پلانٹ ساہیوال کا دورہ





کسی بھی کاروبار کو چلانے کے لیے تحقیق اور معیار کی پابندی بہت ضروری ہے تاکہ ہمارے کسٹمرز ہماری بنائی ہوئی چیزوں پر آنکھ بند کر کے اعتبار کریں اور ان کو کبھی نقصان نہ ہو۔

لائف سائنسز ایگری ڈویژن کا سیڈز ریسرچ فارم اور سیڈز پروسسنگ پلانٹ ساہیوال میں قائم ہے۔ جہاں قائم لیبارٹری فارم میں سیڈز کے حوالے سے کی گئی ریسرچ اور پروسیسنگ پلانٹ پر پروڈکشن کے معیار کو برقرار رکھنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔

آصف ملک، وائس پریذیڈنٹ لائف سائنسز بزنس نے گزشتہ دنوں سیڈز ریسرچ فارم اور پروسیسنگ پلانٹ کا دورہ کیا۔ ان کے ہمراہ عبدالوہاب، بزنس منیجر اور ساجد محمود، ٹیکنیکل منیجر سیڈز بھی تھے۔ اس دورے کے دوران آصف ملک کو ریسرچ فارم کی اور پروسیسنگ پلانٹ کی کارکردگی کے بارے میں تفصیل سے بریفنگ دی گئی۔ انہوں نے کوالٹی لیب اور ویئر ہاؤس کا بھی دورہ کیا اور وہاں محفوظ سیڈز اور دیگر پروڈکٹس کا معائنہ کیا۔

آصف ملک نے اس موقع پر اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھے اس جگہ کو دیکھ کر بیحد خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ ایگری ڈویژن کی ٹیم کا ہر رکن اپنی ذمہ داری کو محسوس کر کے دل لگا کر کام کرتا ہے تاکہ ہم اپنے کسٹمرز کو بہتر سے بہتر اور اعلیٰ معیار کی چیز مہیا کر سکیں۔

# عبدالغفور

## کیئر ٹیکر ہیڈ آفس ریٹائرڈ

آئی سی آئی پاکستان کا ہیڈ آفس کراچی میں واقع ہے، کسی بھی ادارے کا مرکزی دفتر نہایت اہمیت کا حامل ہوتا ہے جہاں چیئر مین، چیف ایگزیکٹیو ڈائریکٹرز اور دیگر سینئر مینجمنٹ کے لوگ بیٹھتے ہیں۔ چنانچہ ایسی جگہ کی دیکھ بھال اور تحفظ بہت بڑی ذمہ داری کا کام ہے۔

کمپنی کی جانب سے یہ ذمہ داری عبدالغفور کو دی گئی تھی جو کہ 31 دسمبر 2014 کو 24 سال 9 ماہ اور 14 دن ملازمت کر کے ریٹائر ہو گئے۔

عبدالغفور نے 18 مارچ 1990 کو آئی سی آئی پاکستان میں بطور سیکیورٹی گارڈ ملازمت اختیار کی۔ ملازمت کے دوران اپنے ذمہ دارانہ رویئے اور اچھی کارکردگی کی بناء پر جنوری 1995 میں عبدالغفور کو ہیڈ آفس کے کیئر ٹیکر عہدے پر ترقی دیدی گئی۔ تقریباً ایک



چوتھائی صدی ملازمت کے دوران عبدالغفور نے اپنے فرائض نہایت خوش اسلوبی اور ذمہ داری انجام دیئے جس میں خاص طور سے روزانہ صبح بنکوں میں کمپنی کے مالیاتی حوالے سے کاغذات لیکر جانا اور ان پر متعلقہ شخص / ڈیپارٹمنٹ سے کارروائی کروانا، پورے آفس کی دیکھ بھال اور اپنی نگرانی میں صفائی کرانا، رات کو آفس بند کرنا اور سیکیورٹی کوڈ لگانا وغیرہ شامل تھے۔

عبدالغفور کا تعلق ایبٹ آباد کے علاقے حویلیاں سے ہے، عبدالغفور کا ارادہ ہے کہ اب وہ اپنی باقی ماندہ زندگی اپنے خاندان کے ساتھ حویلیاں میں ہی گزارے۔

آئی سی آئی ہیڈ آفس میں عبدالغفور کا حلقۂ احباب بہت طویل ہے، اپنی میں سے چند دوستوں نے عبدالغفور کے ساتھ ایک یادگاری نشست رکھی اور ماضی کی باتوں کو یاد کیا۔

نشست کے آخری میں عبدالغفور کو ایک یادگاری تحفہ بھی دوستوں کی جانب سے دیا گیا۔

اس موقع پر عبدالغفور کا کہنا تھا کہ میں نے یہ 24 سال کا عرصہ ایسا گزارا کہ مجھے پتا ہی نہیں چلا۔ میرے ساتھ کام کرنے والے تمام افراد نے میرا بہت خیال رکھا اور مجھے کبھی یہ احساس نہ ہونے دیا کہ میں اپنے گھر سے دور ہوں۔ آئی سی آئی ایک خاندان کا نام ہے جس میں سب مل جل کر رہتے ہیں اور ایک دوسرے کا بہت خیال رکھتے ہیں، میری دعا ہے کہ یہ کمپنی اور ترقی کرے اور اس سے منسلک ہونا سب کے لیے نہایت فخر کا باعث ہو۔

لائف سائنسز

## ایگری ڈویژن

### فصل شاندار۔ کاشتکار خوشحال پروگرام

# سن فلاور میلہ

سندھ اور پنجاب میں منعقدہ ان میلوں کی وجہ سے ہمارا لائف سائنسز بزنس کا ایگری ڈویژن تقریباً 3500 کاشتکاروں کی رہنمائی اور مفید مشوروں کا باعث بنا جس کی بدولت ہمارے کاشتکار کو سن فلاور کی کاشت اور پروڈکٹس ٹیکنالوجی سے آگاہی حاصل ہوئی۔ کیونکہ ہمارا کہنا ہے کہ فصل شاندار۔ کاشتکار خوشحال۔

سندھ اور پنجاب کے کاشتکاروں کے لیے ہماری ایگری ڈویژن کی ٹیم نے سن فلاور میلے کا انعقاد کیا۔ اس سلسلے میں ان تمام علاقوں میں جہاں سورج مکھی کا پھول کاشت کیا جاتا ہے۔ ایگری ڈویژن کی ٹیم نے اسٹال لگائے سن فلاور کے بینرز، پوسٹرز اور بروشرز اسٹال پر موجود تھے ۔ اس کے علاوہ سن فلاور کی کاشت اور فی ایکڑ پیداوار کے حوالے سے ایک دستاویزی فلم بھی اسٹال پر چل رہی تھی تاکہ کاشتکاروں کو سن فلاور کے بیج کے بارے میں مکمل آگاہی ہو سکے۔

اسٹال پر موجود ایگری ڈویژن کی ٹیم کے ممبرز آنے والے کاشتکاروں کو سورج مکھی کے بیج اور اس کے دیگر فوائد کے بارے میں تفصیل اور بڑے ہی آسان الفاظ میں بتا رہے تھے۔ اس کے علاوہ وہ کاشتکاروں کو ایگری ڈویژن کی دیگر پروڈکٹس کے بارے میں بھی آگاہی دے رہے تھے جو فصل کے دوران استعمال کرنے سے پیداوار میں اضافہ ہوسکتا ہے۔

سندھ اور پنجاب میں منعقدہ ان میلوں کی وجہ سے ہمارا لائف سائنسز بزنس کا ایگری ڈویژن تقریباً 3500 کاشتکاروں کی رہنمائی اور مفید مشوروں کا باعث بنا جس کی بدولت ہمارے کاشتکار کو سن فلاور کی کاشت اور پروڈکٹس ٹیکنالوجی سے آگاہی حاصل ہوئی۔ کیونکہ ہمارا کہنا ہے کہ فصل شاندار۔ کاشتکار خوشحال۔




ہائی سن 33
ہائی سن 33


ہائی سن 33


ہائی سن
ہائی سن 39
ہائی سن
ہائی سن 39



لائف سائنسز

کندن برانڈ۔صحت مند سبزیاں

# آلودہ سبزیوں سے نجات۔صحت مند سبزی دستیاب

کندن برانڈ کا تصور یہ ہے کہ ہمارے صارفین کو تازہ اور آلودگی سے پاک سبزیاں میسر آسکیں۔اس کے لیے کسی لمبے چوڑے بندوبست کرنے کی ضرورت نہیں بلکہ یہ آپ اپنے فلیٹ میں یا گھر میں کسی گملے میں بھی اگا سکتے ہیں۔

بنیادی طور پر یہ مختلف سبزیوں کے بیج ہوتے ہیں جو کہ اپنی مقررہ مدت اور تھوڑی سی توجہ سے اُگ جاتے ہیں اور آپ کو سبزی والے کے پاس یا بازار جانے کی ضرورت نہیں پڑتی۔ اکثر دیکھا گیا ہے کہ بازار میں دستیاب سبزیاں آلودہ پانی سے کاشت کی جاتی ہیں جن کے استعمال سے مختلف قسم کی پیچیدگیاں اور بیماریاں پیدا ہورہی ہیں۔ جب آپ خود اپنے گھر میں یہ سبزیاں اگائیں گے تو آپ کو تازہ اور آلودگی سے پاک سبزی کھانے کو ملے گی۔

ہماری ایگری ڈویژن کے کندن برانڈ کی ٹیم نے گزشتہ ڈان لائف اسٹائل کراچی، لاہور اور اسلام آباد میں اسٹال لگائے اور وہاں آنے والے شہریوں کو کندن برانڈ کے بارے میں تفصیل سے آگاہ کیا۔ڈان لائف اسٹائل نمائش میں شرکت کرنے والوں نے کندن برانڈ میں بڑی دلچسپی کا مظاہرہ کیا۔کندن برانڈ کراچی میں دو بڑے ڈیپارٹمنٹل اسٹورز الفرید اور موٹاز میں بھی دستیاب ہے۔






لائف سائنسز

## فارما ڈویژن

## زندگی صحت کے ساتھ پروگرام

# ''ریجوا'' ہڈیوں کی مضبوطی کے لیے

ہمارا لائف سائنسز بزنس ہر وقت اس مقصد کے لیے کوشاں رہتا ہے کہ مریضوں کے لیے اچھی سے اچھی دوا مارکیٹ میں دستیاب ہوتا کہ ڈاکٹر حضرات کو مریض کے لیے دوا کا انتخاب کرنے میں آسانی ہو۔

ہمارے فارما ڈویژن کی پرائمری کیئر ٹیم نے گزشتہ دنوں ہڈیوں میں کیلشیم، وٹامن ''ڈی'' اور ''کے'' کی کمی سے ہونے والے مسائل کے حل کے لیے ''ریجوا'' کے نام سے ایک پروڈکٹ پیش کی۔

عام طور سے ہڈیوں میں کیلشیم، وٹامن ڈی اور کے کی کمی کی وجہ ہماری نامناسب غذا اور بڑھتی ہوئی عمر کے تقاضے ہوتے ہیں جنکی وجہ سے مریض کی ہڈیاں کمزور ہو جاتی ہیں اور ان میں ٹوٹ پھوٹ شروع ہو جاتی ہے۔ جس کی وجہ سے ہم اکثر اپنے بزرگوں کو دیکھتے ہیں کہ ان کو اٹھنے، بیٹھنے اور چلنے میں پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور پھر وہ ڈاکٹرز کا رُخ کرتے ہیں۔

''ریجوا'' کی رونمائی کی تقریب کے لیے ہیڈ آفس میں بڑا اہتمام کیا گیا تھا۔ بزنس کی جانب سے تعارفی کتابچے، غبارے، بینرز اور اسٹال لگایا گیا تھا جس میں اسٹاف کو پروڈکٹ کے بارے میں تفصیل سے بتایا گیا۔

پروڈکٹ کے بارے میں بھرپور آگاہی کے لیے پاکستان بھر میں سیلز ٹیموں کے درمیان معلوماتی مقابلہ بھی کرایا گیا جس میں جیتنے والوں کو سیم سانگ گلیکسی ٹیبلیٹ کے علاوہ دیگر انعامات دیئے گئے۔







لائف سائنسز

## فارماڈویژن

## زندگی صحت کے ساتھ پروگرام

# چھاتی کا کینسر

ہم سب کو اندازہ ہے کہ کینسر ایک لاعلاج مرض ہے۔ اس کا بہتر علاج اس وقت ہی ممکن ہے جب اس کی تشخیص اس کے ابتدائی مرحلے میں ہی ہو جائے خاص طور سے چھاتی کے کینسر میں جو کہ عام طور پر خواتین میں زیادہ پایا جاتا ہے۔

پاکستان میں روایتی پابندیوں اور حدود کی وجہ سے ہماری خواتین اس موذی مرض سے واقف ہی نہیں ہیں جس کی وجہ سے ان کو اس مرض کے لاحق ہونے سے محفوظ رکھنا ایک بہت بڑا مسئلہ ہے۔

ہمارے لائف سائنسز بزنس نے نیوکلیئر انسٹیٹیوٹ آف میڈیسن اور ریڈیو تھراپی (نمرا NIMRA) جامشورہ کے تعاون سے عمرکوٹ، جامشورو اور نواب شاہ میں کینسر سے آگاہی کے لیے مختلف نشستیں منعقد کیں۔ ان نشستوں کا عنوان تھا ''آگاہی اور تشخیص''۔ ان نشستوں کی خاص بات یہ تھی کہ موبائل میموگرافی اور الٹرا ساؤنڈ یونٹ کے ذریعے موقع پر ہی بلا معاوضہ ٹیسٹ کیے گئے اور کینسر کے ماہر ڈاکٹرز نے خواتین کا معائنہ کیا تاکہ مرض کی تشخیص کی جا سکے۔ مقامی لیڈی ہیلتھ ورکرز، ڈاکٹرز اور علاقے کی خواتین نے ان نشستوں میں بھرپور شرکت کی اور اسے اپنے لیے بیحد مفید پایا۔








ہمقدم
Published by Corporate Communications & Public Affairs Department
ICI House, 5 West Wharf, Karachi, 74000
Designed by AA Graphics / Printed by